International Trade Centre

This project is funded by the European Union

پروگرام برائے پائیدار دیہی ترقی و خوشحالی (گراسپ - GRASP)

گراسپ کا شکایات اور تجاویز حاصل کرنے کا نظام

گراسپ پروگرام اس منصوبے سے مستفید ہونے والوں سے شکایات اور تجاویز حاصل کرنے کے نظام وضع کر رہا ہے۔ یہ اقدام پروگرام سے وابستہ افراد کے مسائل کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ ان کے بروقت حل کو یقینی بنائے گا۔آپ پروگرام پر عمل درآمد کے دوران کسی بھی متعلقہ فرد کے نامناسب رویئے، ہراسگی، یا پراجیکٹ پر عملدرآمد کے دوران متعلقہ فیصلہ سازی میں آپ کوشامل نہ کئے جانے کی شکائت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ پروگرام سے متعلق کسی بھی بے قاعدگی کی شکائت درج کراسکتے ہیں۔ گراسپ آپ کے آواز اٹھانے کے حق کو تسلیم کرتا ہے اور شکایات کے اندراج کا یہ نظام مسائل کے فوری اور مؤثر حل کے لئے متعارف کرایا جا رہا ہے۔

شکایات کے اندراج کا طریقہ

شکایات کے اندراج کے اس نظام کی بدولت آپ تحریری یا زبانی طور پر اپنے مسئلے سے ہمیں آگاہ کر سکتے ہیں۔اس کے لئے آپ پراجیکٹ میں شامل کسی شراکتی ادارے کے دفتر جا سکتے ہیں یا پراجیکٹ کی کسی سرگرمی/ تقریب کے دوران اپنا مسئلہ بیان کر سکتے ہیں۔اسی طرح آپ بذریعہ ٹیلی فون اور ای میل یا اس مقصد کے لئے مقامی سطح پر مقرر کئے گئے فرد (فوکل پرسن) کے نام خط کے ذریعے بھی اپنی شکایات کا اندراج کرا سکتے ہیں۔شکایات کے اندراج کے لئے شکائت کرنے والے شخص کو اپنا نام، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، موبائل /رابطہ نمبر اور شکائت کی نوعیت کے بارے میں بتانا ہو گا۔گمنام طریقے سے ارسال کی جانے والی شکایات کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

آپ کے علاقے میں شکایات کے اندراج سے متعلق معلومات:

فواد احمد

(081) 2830324

grasp-complaints@ppaf.org.pk

پاکستان پاورٹی ایلیوئیشن فنڈ (PPAF)
مکان نمبر A/399، گلستان روڈ، بالمقابل
سٹیٹ بینک، کوئٹہ کینٹ

شکایات دور کرنے کا عمل

ہم تمام موصولہ شکایات کے حل اور اس حوالے سے ہونے والے عمل کے نتائج سے شکائت کرنے والے افراد کو با خبر رکھنا چاہتے ہیں۔اس کارروائی کے دوران تمام تفصیلات کو محفوظ رکھا جائے گا۔ براہئ راست شکایات درج کرانے یا شکائت کے حل سے متعلق کارروائی پر عدم اطمینان کے اظہار کے لئے آپ ہم سے درج ذیل ای۔میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں:
grasp-complaints@ppaf.org.pk

گراسپ پروگرام وابستہ افراد کے سامنے جوابدہ ہونے پر یقین رکھتا ہے۔

www.ppaf.org.pk/grasp